شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25جنوری2023ء

پریس ریلیز

حکومتِ پاکستان کشمیری مسلمانوں کو بھارت کے وحشیانہ ظلم وجبر سے نجات دلانے کے لیے عملی قدم اُٹھائے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): حکومتِ پاکستان کشمیری مسلمانوں کو بھارت کے وحشیانہ ظلم وجبر سے نجات دلانے کے لیے عملی قدم اُٹھائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ 26 جنوری کو یومِ جمہوریہ منانے والا بھارت دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کا دعویٰ تو کرتا ہے لیکن پون صدی سے مقبوضہ کشمیر میں جبر واستبداد کی سیاہ تاریخ رقم کر رہا ہے۔ بھارت کی انتہا پسند مودی حکومت نے گزشتہ ساڑھے تین برس سے نہتے کشمیریوں پر ظلم وستم میں بے تحاشہ اضافہ کر دیا ہے اور مقبوضہ کشمیر کو ایک بڑی جیل میں تبدیل کرر کھا ہے۔ معصوم بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کو سفاکانہ تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ گھر گھر تلاشی کے نام پر کشمیری مسلمانوں کو شہید کیا جارہا ہے۔ کشمیریوں کی سیاسی قیادت کو پابند سلاسل کیا جا چکا ہے۔ کرفیو لگا کر کشمیری مسلمانوں تک خوراک، ادویات اور دیگر ضروریاتِ زندگی کی اشیاء کی ترسیل کو روک دیا گیا ہے۔ ہر طرف موت کے سائے منڈلا رہے ہیں۔ ایسی صورت حال میں حکومتِ پاکستان کو بھارت کے وحشیانہ ظلم وجبر کے شکار کشمیری مسلمانوں کی آزادی کے لیے ہر ممکن ذریعہ استعمال کرنا چاہیے۔ حکومت اور اداروں کو ادراک ہونا چاہیے کہ کشمیر پاکستان کی شاہ رگ اور ریڈ لائن ہے لہٰذا مسلمانانِ پاکستان کے لیے اس وقت تک بھارت سے کسی قسم کا تعلق قابل قبول نہ ہوگا جب تک کشمیری مسلمانوں کو بھارت کے غاصبانہ قبضہ سے نجات نہیں دلا دی جاتی۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ نبی آخر الزمان حضور ﷺ نے امت کو ایک جسد سے تشبیہ دی تھی جس کے ایک حصے کو تکلیف پہنچے تو سارا جسم متاثر ہوتا ہے۔ لہٰذا پاکستان سمیت امت مسلمہ کے عمائدین کا فرض ہے کہ وہ متحد ہو کر دنیا بھر میں ظلم کی چکی میں پستے ہوئے مسلمانوں کے مسائل کے حل کی راہ تلاش کریں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 25 January 2023

"The Pakistani government must take action to protect the Kashmiri Muslims from the brutal oppression and tyranny of India."

Lahore (PR): "The Pakistani government must take action to protect the Kashmiri Muslims from the brutal oppression and tyranny of India."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that India, which claims to be the world's largest democracy, commemorates 26 January as 'Republic Day', yet it has a dark history spanning 75 years of brutal oppression in Occupied Kashmir. India's ruling Modi government has intensified oppression on the Kashmiris in the past three and a half years and has turned Occupied Kashmir into a large jail. Innocent children, women and the elderly are being subjected to ruthless state terrorism. The Kashmiri Muslims are being martyred by Indian occupation forces in the name of house-to-house searches. The political leadership of the Kashmiris has been put in prisons. India is obstructing the supply of food, medicine and other necessities of life to the Kashmiri Muslims by imposing regular curfews. The oppressed Kashmiri Muslims are stuck in a never-ending cycle of death and destruction. In this situation, the Pakistani government must use all possible means to liberate the oppressed and tyrannized Kashmiri Muslims from Indian occupation. Our government and other institutions must recognize that Kashmir is the jugular vein and the redline for Pakistan, therefore, the Pakistani Muslims will never tolerate any kind of relations with India until their Kashmiri brethren are freed from Indian occupation. We must not forget that the Holy Prophet *(SAAW)* had likened the Muslim Ummah to one body, in which if one part is in pain, the whole body feels it. Therefore, it is the duty of the leadership of Muslims worldwide to stand united and seek solutions for the problems of oppressed Muslims around the world.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan